| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی اکیسواں ہفتہ | موضوع: | 'بھ' بھاری حرف | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف بھ کو و کے ساتھ ملا کر الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>یہ برتن بھاری ہے۔ یہاں سے بھاگو۔ سارا کی بھابھی آئی ہیں جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر 'بھ' لکھے گی اور بچوں سے پوچھے گی کہ یہ کیا ہے؟ 'بھ' کو 'و' سے ملا کر لکھے گی اور بلند خوانی کروائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'بھو' کے ساتھ حرف ملا کر نئے الفاظ بنانا سیکھیں گے۔ معلمہ 'بھو' کے ساتھ 'ک' کا حرف فلیش کارڈ رکھ کر بچوں سے پڑھنے کو کہے گی۔ 'بھوک' اس طرح مختلف الفاظ کی مشق کروائی جائے گی (بھول، بھوت، بُھورا)<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چھوٹے سفید بورڈ اور مارکر دیے جائیں گے۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر توڑ لکھے گی مثال کے طور پر بھ+ و-ن بچے توڑ کو دیکھ کر بورڈ پر جوڑ لکھیں گے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 12 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بھو کے ساتھ حرف ملا کر نئے الفاظ بنانے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ نیچے لکھے جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان جملوں کو مکمل کرنے کو کہا جائے گا اور مکمل جملے کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بھوت، بھوک، بھول، بُھور، بھورا الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 13 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | سفید چھوٹے بورڈ مارکر<br>کتاب صفحہ<br>12،13 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'بھ' کی آواز کی نشاندہی کرنے اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی اکیسواں ہفتہ | موضوع: | 'بھ' بھاری حرف | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'بھ' کو 'ا' سے ملا کر رشتوں کے نام پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>سچ میں بھوت نہیں ہوتے، سارا کتاب لانا بھول گئی جملوں کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بُھوکا بُھولا بُھونا بُھورا<br>الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بھائی اور بھابھی الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو یاددہانی کروائی جائے گی کہ بھائی اور بھابھی دونوں رشتوں کے نام ہیں۔ رشتوں کے نام ہم پہلے پڑھ چکے ہیں۔ امی ابو، بھائی، بہن، نانا، نانی وغیرہ۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر بھائی اور بھابی کے توڑ کرنا بتائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ ٹوکری میں مختلف الفاظ فلیش کارڈ رکھے گی جس میں رشتوں کے ناموں کے علاوہ پھلوں اور سبزیوں یا رنگوں کے ناموں کے فلیش کارڈ ہوں گے۔ بچہ/ بچی باری باری آ کر فلیش کارڈ میں سے ایک کارڈ نکالیں گے جس میں رشتے کا نام ہو۔ اُسے پڑھ کر بتائیں گے اور بورڈ پر چسپاں کریں گے۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 14 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'بھا' سے رشتوں کے نام بھائی اور بھابی کے توڑ کرنے کو کہا جائے گا۔ نیچے دیے گئے سوالات معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر بلند خوانی کروائے گی بچوں سے باری باری سوالات کے جوابات پوچھے جائیں گے۔ بچوں کو جوابات لکھنے میں مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا میں بھائی اور بھابھی لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 14 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا رشتوں کے ناموں میں 'بھا' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| **مضمون:** اردو | **جماعت:** کے جی اکیسواں ہفتہ | **موضوع:** 'بھ' بھاری حرف | **دن:** تیسرا |

| **حاصل سبق** | **طریقہ تدریس** | **وقت** | **وسائل** | **جانچ** |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ زیر ( ـِ ) اور 'ی' کے 'بھ' کے ساتھ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے 'بھ' سے رشتوں کے نام بتانے کو کہا جائے گا<br>**تعارف:**<br>معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر ' ِ ' کی علامت بڑی کر کے لکھیں اور بچوں سے پوچھیے کہ یہ کیا علامت ہے؟ بچوں کو بتائیے کہ زیر حرف کے نیچے آتی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم زیر اور ی بھ کے ساتھ الفاظ سیکھیں گے۔ معلمہ تختہ سفید پر بھ+ی+ڑ لکھے گی اور جوڑ کرنا بتائے گی 'بھیڑ'۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ بھیڑ رش والی جگہ کو کہتے ہیں بھیک سے مراد پیسے یا مدد مانگنا اور بھیگ سے مراد گیلا ہو جانا کے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں Salt tray دے کر بھیڑ، بھیک، بھیگ الفاظ کی لکھائی کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 15 کھولنے کو کہا جائے گا۔ الفاظ کی لکھائی اور پھر ان الفاظ کے توڑ لکھنے کو کہا جائے گا۔ بازار میں بہت بھیڑ تھی، سڑک کے کنارے بچہ بھیک مانگ رہا تھا۔ جملے لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بھیڑ، بھیک، اور بھیگ کی ہوا میں لکھنے کی مشق کروایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 16 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | Salt tray<br>کتاب صفحہ<br>15،16 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا زیر اور ی کے ساتھ بھ کے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی اکیسواں ہفتہ | موضوع: | 'بھ' بھاری حرف | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھ اور ے کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھ اور ا، و، ی کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر الفاظ دہرائے جائیں گے۔ بھاگ، بھابھی، بھالو، بھوک، بھوکا، بھورا، بھیڑ، بھیگ۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھ اور ے والے الفاظ کی لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ مصوتے کون سے حروف ہوتے ہیں؟ ا، و، ی، ے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی آوازیں دہرائی جائیں گی۔<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'بھ' کے الفاظ سیکھیں گے۔ معلمہ بھیج، بھیڑ، بھیس، بھید کے الفاظ فلیش کارڈ تختہ سفید/ سیاہ پر چسپاں کر کے الفاظ کی بلند خوانی کرے گی اور بچوں کو بھی کرنے کو کہا جائے گا۔ | 10منٹ | بھ کے ی اور ے والے الفاظ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ کمرہ جماعت میں 'بھ' کے 'ی اور ے' والے الفاظ فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں چھپائے گی۔ بچوں کو الفاظ تلاش کرنے کو کہا جائے گا۔ باری باری تمام بچوں سے یہ سرگرمی کروائی جائے گی۔ بچہ/ بچی کارڈ لانے کے بعد بتائے گا/ گی کہ اس میں 'ی' استعمال ہوا ہے یا بڑی 'ے'۔ بچوں سے کتاب صفحہ 17 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دیے گئے الفاظ کی لکھائی کروائی جائے گی اور ان کے معانی بتائے جائیں گے۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ 17 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں 'بھ' اور 'ے' والے الفاظ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی اکیسواں ہفتہ | موضوع: | 'بھ' بھاری حرف | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بُھ اور ے کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بھیج، بھیڑ، بھید، بھیس الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'بھ اور ے' والے الفاظ کے توڑ کرنا سیکھیں گے۔ تختہ سفید/ سیاہ پر معلمہ 'بھیس' لکھے گی اور 'ے' کی آواز پر زور دے گی۔ بچوں کو یاد کروایا جائے گا کہ توڑ کرتے وقت بھ، پھ، تھ، ٹھ کے توڑ نہیں کرتے۔ بھ+ ے+س معلمہ تختہ سفید پر توڑ لکھے گی اور بچوں کو پڑھنے کو کہے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا اور بھ کے ساتھ 'ی اور ے' کے الفاظ فلیش کارڈ دیے جائیں گے۔ بھ کے ساتھ بچے 'ی اور ے' والے الفاظ فلیش کارڈ الگ الگ کریں گے اور بتائیں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ 18 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'بھ اور ے' والے الفاظ کے توڑ لکھوائے جائیں گے۔ اس کے بعد نیچے دیے الفاظ کی پڑھائی کروا کر 'ی اور ے' والے الفاظ الگ الگ لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>'بھ' کی آواز پوچھی جائے گی۔ بھ اور ا، و، ی، ے کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 19 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | بھ اور ی اور ے کے الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 18،19 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھ اور ے والے الفاظ کی لکھائی کرنے پر۔ |